© rasailojaraid.com

# ممتحنین و ممتحنین اعلیٰ کے تقرر کا ضابطہ

(1) مارکنگ کے لئے صرف ایسے مدارس سے ممتحنین لئے جائیں گے، جن کی درجہ کتب میں وفاقی طلبہ کی تعداد کم ازکم بیس ہو اور متعلقہ مدرس کا عرصہ تدریس کم از کم تین سال ہو۔ ممتحن کا بالفعل مدرس ہونا ضروری ہے۔

(2) پرچے کا تعین ممتحن کی زیر درس کتب میں سے کیا جائے گا۔

حتمی تقرر کے لئے تعداد داخلہ، عرصہ تدریس اور مارکنگ کے تجربہ کو معیار بنایا جائے۔ جن کے کل نمبر سو (100) ہوں۔

(۱) تعداد داخلہ (کل نمبر چالیس): 20 سے 50 تعداد تک دس نمبر، 51 سے 100 تک بیس نمبر، 100 سے 200 تک تیس نمبر اور 200 سے زائد پر چالیس نمبر ہوں۔

(۲) عرصہ تدریس (کل نمبر پچیس): 3 سے 4 سال تک پانچ نمبر، 5 سے 6 تک دس نمبر، 7 سے 8 تک پندرہ نمبر، 9 سے 10 تک بیس نمبر اور 11 سال یا اس سے زائد پر پورے پچیس نمبر دیے جائیں۔

(۳) مارکنگ کا تجربہ (کل نمبر پینتیس): ہر سال پر پانچ نمبر دیے جائیں اور سات سال پر پورے پینتیس نمبر دیے جائیں۔''

ممتحن اعلیٰ کے تقرر کے لئے بالفعل مدرس ہونا اور سات سالہ مارکنگ کا تجربہ لازم ہے۔

جس مدرسہ کے طلبہ و طالبات کی تعداد مقررہ ضابطہ کے مطابق نہ ہو اگر اس مدرسہ سے پہلے کوئی ممتحن یا ممتحن اعلیٰ لیا جا چکا ہو تو ان سے معذرت کر لی جائے گی۔

مقرر شدہ معیار پر اگر ممتحنین کی مطلوبہ تعداد دستیاب نہ ہو تو صرف تعداد طلبہ کی شرط میں رعایت دے دی جائے گی۔ اگر ممتحنین ضرورت سے زائد ہوں تو متعین ضابطہ انتخاب بروئے کار لایا جائے گا۔ بوقت ضرورت مزید استثنائی صورتوں کے بارے میں امتحانی کمیٹی فیصلے کرے گی۔

مارکنگ کے لیے ممتحن کا نام (ہمراہ نقشہ تقسیم اسباق) مدرسہ کے لیٹر پیڈ یا وفاق کے مروجہ فارم پر بھجوایا جائے جو کہ مہتمم مدرسہ کا مصدقہ ہو۔ مارکنگ سے ایک ہفتہ قبل دفتر بذریعہ ٹیلیفون ممتحن کے آنے کے بارے میں تصدیق حاصل کرے اور بوقت ضرورت زیر غور ناموں سے ممتحن کا تقرر کیا جائے۔ استحقاق سے زیادہ حضرات کو پرچے جانچنے کی دعوت نہیں دی جائے گی۔

ممتحنین اور نگران عملہ سے متعلق کوائف طلبی کے لئے دفتر وفاق، محرم الحرام میں مدارس کو خط ارسال کرے گا، جو کہ یکم صفر المظفر تک دفتر وفاق کو موصول ہونا ضروری ہونگے، دفتر اس کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں پر غور کرنے کا پابند نہ ہوگا۔ دفتر یہ کوائف 16 صفر المظفر تک متعلقہ مسئولین اور ناظمین کو بھجوا دے گا اور ناظمین کی طرف سے 30 ربیع الاول تک دوبارہ دفتر وفاق کو واپس موصول ہونے چاہئیں۔

© rasailojaraid.com